تاریخ ادب اردو اور ادبی تحریکیں (History of Urdu Literature and Literary Movements)

کریڈٹ آورز: ۳	**سمسٹر 5**	**کورس کوڈ:** BSU-303

تعارف:

تاریخ بہ یک وقت واقعے اور بیانِ واقعہ سے عبارت ہے۔ ایسا بیانِ واقعہ جوصرف واقعات کو پیش نہ کرے، ان کے اسباب پر بھی روشنی ڈالے۔ ادب کی تاریخ ، ایک عہد کی جملہ ادبی اصناف ، ان کی شعریات ، ان کے اسالیب اور ان کے موضوعات ہی کا احاطہ نہیں کرتی ، ان کے اسباب کو بھی ضابطہ ء تحریر میں لاتی ہے۔ کسی عہد میں رونما ہونے والی ادبی تبدیلیاں،اپنا اظہار رجحانات اور تحریکوں کی صورت کرتی ہیں۔ اس کورس میں طلبااردو ادب کی تاریخ کے ابتدائی دور سے بیسویں صدی کی دو اہم تحریکوں کا مطالعہ کریں گے۔ وہ عہد وسطیٰ کے دکن، دہلی اورلکھنؤ میں اردو ادب کے ارتقا کا مطالعہ کریں گے اور اس کے بعد نوآبادیاتی عہد کی اہم تحریک علی گڑھ اورا س کے بعد رومانوی اور پھر ترقی پسند تحریک اور حلقہ اربابِ ذوق کی تحریک کے اہم نشانات سے آگاہ ہوں گے۔

مقاصد:

1- ادبی تاریخ کی اہمیت سے طلبا کو آگاہ کرنا۔
2- اردو ادب کےاہم ادوار سے طلباکو متعارف کروانا۔
3- اہم رجحانات اور تحریکوں کے اردو ادب کے ارتقا میں کردار سے طلبا کو آگاہ کرنا۔

تفصیل کورس

1. تاریخ ادب اردو
   - 1.1 دکنی ادب (قطب شاہی اور عادل شاہی ادوار)
   - 1.2 دبستان دہلی (میر و سودا، غالب و مومن کے ادوار)
   - 1.3 دبستان لکھنؤ (جرأت و انشا ، آتش و ناسخ کے ادوار)
2. ادبی تحریکیں
   - 2.1 علی گڑھ تحریک (پس منظر - سوانح نگاری - مضمون - ناول-شاعری)
   - 2.2 رومانوی تحریک (افسانوی نثر - شاعری-تنقید)
   - 2.3 ترقی پسند تحریک(افسانوی نثر - شاعری - تنقید)
   - 2.4 حلقۂ اربابِ ذوق (پس منظر - جدید نظم کے مباحث اور نمائندہ شعرا)

Teaching-learning Strategies: **Lecturing, Explicit Instruction, Effective Questioning Techniques**

- Assessment and Examinations:

مجوزہ کتب:

انور سدید، ڈاکٹر ۔ اردو ادب کی تحریکیں۔ کراچی: انجمن ترقی اردو پاکستان، ۱۹۸۳ء
تبسم کاشمیری، ڈاکٹر ۔ اردو ادب کی تاریخ۔ لاہور: سنگِ میل پبلی کیشنز، ۲۰۰۲ء
جمیل جالبی، ڈاکٹر۔ تاریخ ادبِ اردو۔(جلد اوّل تا چہارم)۔ لاہور: مجلسِ ترقی ادب، ۱۹۹۵ء
خواجہ محمد زکریا، ڈاکٹر ۔ مدیر عمومی۔ تاریخ ادبیات مسلمانانِ پاکستان و ہند۔لاہور: جامعہ پنجاب، ۲۰۲۰ء
سجاد ظہیر۔ روشنائی۔ لاہور: طفیل اختر، ۲۰۰۶ء
سید عاشور کاظمی ، قمر رئیس۔ ترقی پسند ادب: پچاس سالہ سفر۔ دہلی: نیا سفر پبلی کیشنز، ۱۹۸۷ء
سید عبداللہ، ڈاکٹر ۔ سر سید اور ان کے نامور رفقا کی نثر۔ لاہور: مکتبہ کارواں، ۱۹۶۵ء
عزیز احمد۔ ترقی پسند ادب۔ دہلی: چمن بک ڈپو، س ن
علی سردار جعفری۔ ترقی پسند ادب۔ دہلی: انجمن ترقی اردو ہند، ۲۰۱۳ء
محمد حسن، ڈاکٹر ۔ اردو ادب میں رومانوی تحریک۔ علی گڑھ: شعبۂ اردو مسلم یونیورسٹی، ۱۹۵۵ء
یونس جاوید۔ حلقۂ اربابِ ذوق۔ لاہور: مجلس ترقی ادب، ۱۹۸۴ء